حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: مومن کس کو کہتے ہیں؟

سوال نمبر 2: حادث اور قدیم کس کو کہتے ہیں؟

سوال نمبر 3: خدائے تعالیٰ کے کتنے ذاتی نام ہیں؟

سوال نمبر 4: ممکنات کن کو کہتے ہیں؟

سوال نمبر 5: فرشتے کن کو کہتے ہیں؟

سوال نمبر 6: وحی اور الہام میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 7: نبی اور رسول میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 8: معراج شریف جسمانی ہوئی یا روحانی؟

سوال نمبر 9: خلافت راشدہ کتنے سال تک رہی؟

سوال نمبر 10: ولایت کس کو کہتے ہیں؟

سوال نمبر 11: کرامت کس کو کہتے ہیں؟

سوال نمبر 12: کیا مومنوں کے بچوں سے بھی قبر میں سوال ہوتا ہے؟

سوال نمبر 13: مولود شریف کرنا کیسا ہے؟

سوال نمبر 14: شہید اصغر اور شہید اکبر کس کو کہتے ہیں؟

سوال نمبر 15: قضاء وقدر کس کو کہتے ہیں

سوال نمبر 16: دجال کون ہو گا؟

سوال نمبر 17: سب سے پہلے حشر کس کا ہو گا؟

سوال نمبر 18: دابۃ الارض کے غائب ہونے کے بعد کیا ہو گا؟

سوال نمبر 19: شفاعت کبریٰ کس کا نام ہے؟

سوال نمبر 20: نبی کریم ﷺ کے حوض کا نام کیا ہے اور وہ کتنا بڑا ہو گا؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: صفات ذاتیہ میں سے صف کلام کو تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: آخرت کس کا نام ہے؟ نیز برزخ میں تا قیامت رہنے کی کیا وجہ ہے؟

سوال نمبر 3: چار مشہور کتابیں کن کن پر نازل ہوئیں؟ نیز یہ کتابیں کن کن زبانوں میں نازل ہوئیں؟

سوال نمبر 4: قیامت کس کو کہتے ہیں؟ نیز قیامت کی کبریٰ علامتیں کیا کیا ہیں؟

سوال نمبر 5: شفاعت حضور اکرم ﷺ کی کتنی قسمیں ہیں؟ ان کو تفصیلاً بیان کیجئے۔

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: صفات فعلیہ کو اور کس نام سے پکارا جاتا ہے؟

(الف) صفات حادثہ (ب) صفات اضافیہ (ج) صفات تکوینیہ (د) صفات خاصہ

سوال نمبر 2: صفات ذاتیہ کو اور کس نام سے پکارا جاتا ہے؟

(الف) صفات اضافیہ (ب) صفات مخلوقیہ (ج) امہات الصفات (د) صفات عالمیہ

سوال نمبر 3: حادث کس کو کہتے ہیں؟

(الف) جو ہمیشہ سے ہو (ب) جو پہلے نہ ہو پھر پیدا ہو (ج) جو کبھی نہ ہو (د) جو سب پر لازم ہو

سوال نمبر 4: عالَم کے حادث ہونے کی عقلی دلیل کون سی ہے؟

(الف) عالم ساکن ہے (ب) عالم متغیر ہے (ج) عالم قدیم ہے (د) عالم لامتغیر ہے

سوال نمبر 5: وہ صفت کلام جو اللہ تعالیٰ کی ذات سے قائم ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟

(الف) کلام لفظی (ب) کلام نفسی (ج) کلام مجازی (د) کلام حسی

سوال نمبر 6: کلام لفظی کی اصل کیا ہے؟

(الف) انسان کا بنایا ہوا کلام (ب) اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے الفاظ (ج) ترجمہ شدہ کلام (د) محض آواز

سوال نمبر 7: خلاف وعید کو کس چیز کے مترادف کہا گیا ہے؟

(الف) نقصان (ب) کرم اور لطف (ج) جھوٹ (د) ظلم

سوال نمبر 8: حلول کس کو کہتے ہیں؟

(الف) ایک چیز کا پیدا ہونا (ب) ایک چیز کا فنا ہونا (ج) ایک چیز کا دوسری سے الگ ہونا (د) ایک چیز کا دوسری میں سما جانا

سوال نمبر 9: معتزلہ، خوارج اور روافض کس بات کو اللہ پر روا رکھتے ہیں؟

(الف) شرعی وجوب (ب) طبعی وجوب (ج) عقلی وجوب (د) کوئی بھی نہیں

سوال نمبر 10: فرشتے کس چیز سے بنائے گئے ہیں؟

(الف) آگ (ب) مٹی (ج) نور (د) پانی

سوال نمبر 11: فرشتوں کی اولاد کیوں نہیں ہوتی؟

(الف) ان کی عمر لمبی ہے (ب) قوتِ شہوت نہیں رکھتے (ج) جسمانی طاقت نہیں رکھتے (د) وہ ارواح ہیں

سوال نمبر 12: فرشتوں کے رسول کس سے افضل ہیں؟

(الف) عامہ بشر سے (ب) بشر کے رسول سے (ج) اولیاء بنی آدم سے (د) فساق مؤمنین سے

سوال نمبر 13: ابلیس کس مخلوق میں سے تھا؟

(الف) فرشتے (ب) انسان (ج) جن (د) حیوان

سوال نمبر14: کتابِ اللہ کی سب سے نمایاں صفت کیا ہونی چاہیے؟

(الف)ہر زبان میں ترجمہ ہونا (ب)اس جیسی بنانے سے مخلوق عاجز ہو(ج)آسان الفاظ ہونا (د)رنگین طباعت ہونا

سوال نمبر15: اب کون سی آسمانی کتاب اپنی اصل حالت میں موجود ہے؟

(الف)توریت (ب)انجیل (ج)قرآن (د)زبور

سوال نمبر16: قرآن کس رات لوحِ محفوظ سے آسمانِ دنیا پر نازل ہوا؟

(الف)شبِ معراج (ب)شبِ قدر (ج)شبِ براءت (د)شبِ عید

سوال نمبر17: قرآن کی موجودہ ترتیب کس کے حکم سے مرتب کی گئی؟

(الف)صحابہ کی رائے (ب)نبی ﷺ کے حکم سے (ج)تابعین کی رائے (د)حضرت عثمان کی رائے سے

سوال نمبر18: الہام کے معنی کیا ہیں؟

(الف)وحی لکھوانا (ب)خواب دکھانا (ج)دل میں ڈالنا (د)زبانی پیغام دینا

سوال نمبر19: وحی کس کے ساتھ خاص ہے؟

(الف)فرشتے (ب)انبیاء علیہم السلام (ج)اولیاء اللہ (د)صحابہ کرام

سوال نمبر20: فاران کے پہاڑ پر کس نبی پر وحی نازل ہوئی؟

(الف)حضرت موسیٰ علیہ السلام (ب)حضرت عیسیٰ علیہ السلام (ج)حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ (د)حضرت ابراہیم علیہ السلام

سوال نمبر21: تورات میں نبی کریم ﷺ کا کون سا نام ذکر ہوا ہے؟

(الف)محمد (ب)احمد (ج)مصطفیٰ (د)امین

سوال نمبر22: نبی کریم ﷺ کی پشت پر کس نشانی کا ذکر ہے؟

(الف)سبز چادر (ب)مہرِ نبوت (ج)نور (د)چاند کی شکل

سوال نمبر23: رسولوں پر کس ذریعے سے کتاب نازل ہوتی ہے؟

(الف)براہِ راست اللہ تعالی (ب)حضرت جبرائیل علیہ السلام (ج)حضرت میکائیل علیہ السلام (د)حضرت اسرافیل علیہ السلام

سوال نمبر24: سب سے پہلے نبی علیہ السلام کون ہیں؟

(الف)حضرت نوح علیہ السلام (ب)حضرت ابراہیم علیہ السلام (ج)حضرت آدم علیہ السلام (د)حضرت موسیٰ علیہ السلام

سوال نمبر25: نبی کریم ﷺ کے بعد منصب نبوت بند ہونے کی کیا وجہ بیان کی گئی ہے؟

(الف)قرآن کا نزول مکمل ہونا (ب)شریعت کا کامل ہونا(ج)اگلی امتوں میں شریعتوں کا مزاجی فرق اور افراط و تفریط(د)امت محمدیہ کا مضبوط ایمان

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 3 | پرچہ: چوتھا | مضمون: الفقہ

تاریخ: 26-01-2026 | دن: پیر | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: زکوۃ واجب ہونے کی بنیادی شرائط کیا ہیں؟

سوال نمبر 2: اگر کسی کا قرض اس کے مال سے زیادہ ہو تو زکوۃ کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 3: بقر سائمہ میں زکوۃ کتنی تعداد سے واجب ہوتی ہے؟

سوال نمبر 4: امام ابو حنیفہ اور صاحبین کے نزدیک 40 سے زائد بقر سائمہ کی زیادتی میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 5: عورت کے لیے حج پر جانے کی اضافی شرط کیا ہے؟

سوال نمبر 6: طوافِ قدوم کس کے لیے سنت ہے اور کس کے لیے واجب؟

سوال نمبر 7: نَفرِ اوّل اور نَفرِ ثانی میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 8: طوافِ صدر کس پر واجب ہے اور کس پر نہیں؟

سوال نمبر 9: قِران کرنے والے پر دَم کب واجب ہوتا ہے اور اگر وہ دم میں جانور ذبح نہ کر سکے تو کیا کرے؟

سوال نمبر 10: ناخن کاٹنے کی صورت میں مُحرم پر کب دَم اور کب صدقہ واجب ہوتا ہے؟

سوال نمبر 11: وہ کون سے پانچ دن ہیں جن میں عمرہ کرنا مکروہ ہے؟

سوال نمبر 12: بدنۃ یا گائے میں شرکت کا شرعی حکم کیا ہے اگر ایک شریک گوشت کی نیت کرے؟

سوال نمبر 13: مُحصَر ہونے کی شرعی تعریف اور اس کے احکام بیان کیجئے۔

سوال نمبر 14: ہدی میں کون سے جانور ناقص ہونے کی وجہ سے جائز نہیں ہیں؟

سوال نمبر 15: تمتع کی اقسام کتنی ہیں اور ان میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 16: قِران کی تعریف اور اس کی ابتدائی کیفیت کیا ہے؟

سوال نمبر 17: جمرات کتنی ہیں اور ان کے رمی کا ترتیب وار طریقہ کیا ہے؟

سوال نمبر 18: عورت کے لیے حج کے اعمال میں مردوں کے مقابلے میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 19: صفا اور مروہ کے درمیان سعی میں کتنے چکر لگائے جاتے ہیں اور ابتدا کہاں سے ہوتی ہے؟

سوال نمبر 20: میقات کی کتنی اقسام ہیں اور اہلِ یمن کے لیے کون سا میقات مقرر ہے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: زکوۃ کی فرضیت کی شرائط کو تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: زکوۃ اور صدقۂ فطر کے مستحقین، ممنوعہ افراد اور مقدار کے تفصیلی احکام بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: عشر کے احکام اور اس کے نصاب کی تفصیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: حج کے فرض ہونے کی شرائط اور عورت کے لیے حج کے مخصوص احکام تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: طوافِ صدر، طوافِ زیارت اور سعی صفا و مروہ کے مسائل تفصیل سے بیان کیجئے۔

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: زکوۃ ادا کرنے کے لیے کیا ضروری ہے؟

(الف) صرف مال دینا (ب) نیت کرنا (ج) قرض لینا (د) صدقہ دینا

سوال نمبر 2: زکوۃ کس پر واجب ہے؟

(الف) غلام (ب) آزاد (ج) صبی (د) مجنون

سوال نمبر 3: 36 اونٹ ہونے پر کیا واجب ہے؟

(الف) بنت مخاض (ب) بنت لبون (ج) جذعہ (د) حقتان

سوال نمبر 4: اگر کسی کا قرض اس کے تمام مال کے برابر یا زیادہ ہو تو؟

(الف) نصف زکوۃ واجب ہے (ب) مکمل زکوۃ واجب ہے (ج) زکوۃ واجب نہیں (د) صدقہ دینا لازم ہے

سوال نمبر 5: 200 اونٹوں پر زکوۃ کیا ہے؟

(الف) چار حقاق (ب) تین حقاق (ج) دو حقتان (د) پانچ حقاق

سوال نمبر 6: 30 بقر سائمہ پر کیا واجب ہے؟

(الف) تبیع (ب) مسنۃ (ج) جذعہ (د) شاتان

سوال نمبر 7: زکوۃ کی فرضیت کے اعتبار سے جوامیس اور بقر کے بارے میں کیا حکم ہے؟

(الف) مختلف (ب) ایک ہی حکم (ج) جوامیس پر کم (د) بقر پر زیادہ

سوال نمبر 8: 40 سائمہ بکریوں پر کیا واجب ہے؟

(الف) کچھ نہیں (ب) ایک شاۃ (ج) دو شاۃ (د) تین شاۃ

سوال نمبر 9: 400 بکریوں پر زکوۃ کتنی ہے؟

(الف) چار شاۃ (ب) پانچ شاۃ (ج) تین شاۃ (د) دو شاۃ

سوال نمبر 10: خالص نر گھوڑوں پر زکوۃ کا حکم کیا ہے؟

(الف) مکمل واجب ہے (ب) واجب نہیں (ج) نصف واجب ہے (د) صرف تجارت کی صورت میں واجب ہے

سوال نمبر 11: سائمہ کس کو کہتے ہیں؟

(الف) پالتو جانور (ب) ہمیشہ گھر میں بند جانور (ج) جو زیادہ تر چراگاہ سے گزارا کریں (د) چراگاہ میں کم وقت گزارنے والے جانور

سوال نمبر 12: اگر جانوروں کو نصف سال یا زیادہ چارہ کھلایا جائے تو زکوۃ کا کیا حکم ہے؟

(الف) واجب ہے (ب) واجب نہیں (ج) آدھی واجب ہے (د) صرف صدقہ لازم ہے

سوال نمبر 13: کتنے درہم سے کم پر زکوۃ واجب نہیں؟

(الف) 150 درہم (ب) 200 درہم (ج) 250 درہم (د) 300 درہم

سوال نمبر14:20مثقال سونے پر کتنی زکوٰۃ ہے؟

(الف)ایک مثقال (ب)نصف مثقال (ج)دو قیراط (د)چار قیراط

سوال نمبر15:خالص سونا،چاندی،زیورات اور برتن پر زکوٰۃ کا کیا حکم ہے؟

(الف)بصورت تجارت واجب ہے(ب)ہمیشہ واجب ہے (ج)کبھی واجب نہیں (د)صرف زیور پر واجب نہیں

سوال نمبر16:زکوٰۃ کے حساب میں تجارتی سامان کو کس کے ساتھ ملا کر نصاب مکمل کیا جاتا ہے؟

(الف)صرف چاندی (ب)صرف سونا (ج)سونا اور چاندی دونوں (د)صرف نقدی

سوال نمبر17:ایک وسق کتنے صاع کے برابر ہے؟

(الف)پچاس صاع (ب)ساٹھ صاع (ج)چالیس صاع (د)بیس صاع

سوال نمبر18:امام ابو حنیفہ علیہ الرحمۃ کے نزدیک عشر کس صورت میں واجب ہے؟

(الف)بارش سے سیر اب ہونے پر(ب)نہری پانی سے سیر اب ہونے پر(ج)ہر صورت میں (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19:امام ابو حنیفہ علیہ الرحمۃ کے نزدیک عشر سے کون سی اشیاء مستثنیٰ ہیں؟

(الف)حبوبات و میوہ جات (ب)ہری سبزیاں (ج)لکڑی،بانس،گھاس (د)کپاس،زعفران

سوال نمبر20:امام ابو یوسف اور امام محمد علیہما الرحمۃ کے نزدیک عشر واجب ہونے کے لیے کم از کم نصاب کیا ہے؟

(الف)دو وسق (ب)تین وسق (ج)پانچ وسق (د)دس وسق

سوال نمبر21:کس زمین کی پیداوار پر عشر واجب نہیں ہے؟

(الف)عشری زمین (ب)خراجی زمین (ج)زرخیز زمین (د)بنجر زمین

سوال نمبر22:قرآنِ مجید میں کتنے مصارفِ زکوٰۃ بیان کیے گئے ہیں؟

(الف)چھ (ب)سات (ج)آٹھ (د)نو

سوال نمبر23:صدقہ فطر کس پر واجب ہے؟

(الف)آزاد مسلمان (ب)غلام (ج)ذمی (د)سب پر

سوال نمبر24:صدقہ فطر میں گندم کی مقدار کیا ہے؟

(الف)ایک صاع (ب)آدھا صاع (ج)دو صاع (د)پانچ صاع

سوال نمبر25:بیل یا ڈول وغیرہ سے سیر اب کی جانے والی زمین کی پیداوار پر کتنی زکوٰۃ ہے؟

(الف)عشر (ب)نصف عشر (ج)دو عشر (د)کوئی زکوٰۃ نہیں

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: رسول اللہ ﷺ کے پسندیدہ کھانے کا ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 2: زیتون کے تیل کے بارے میں آپ ﷺ کا ارشاد بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: مہمان نوازی کی زیادہ سے زیادہ مدت کتنی ہے اور اس کے بعد کیا شمار ہوتا ہے؟

سوال نمبر 4: مہمان کو محروم رکھنے والے کے بارے میں پہلا حکم کیا ہے؟

سوال نمبر 5: نبی کریم ﷺ پانی پینے میں تین سانس لینے کی کیا حکمت بیان فرماتے تھے؟

سوال نمبر 6: حضرت کبشہ رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کے پانی پینے والے مشکیزے کا منہ کاٹنے کی وجہ کیا بیان کی؟

سوال نمبر 7: نبی ﷺ نے دنیا کی حقارت کو بیان کرنے کے لیے کون سا مردہ جانور دکھایا؟

سوال نمبر 8: حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے زیادہ مال جمع کرنے سے پرہیز کیوں کیا؟

سوال نمبر 9: حضرت لقمان نے اپنے بیٹے کو دنیا اور آخرت کے بارے میں کیا نصیحت کی؟

سوال نمبر 10: نبی ﷺ نے جنت میں زیادہ تر کن لوگوں کو دیکھا؟

سوال نمبر 11: اگر کسی کو ساٹھ سال کی عمر دی جائے تو اس کے لیے کون سا شرعی پیغام ہے؟

سوال نمبر 12: حضرت ابو کبشہ انماری رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق وہ کون سا عمل ہے جس سے بظاہر خرچ کے باوجود مال میں کمی نہیں آتی؟

سوال نمبر 13: بغیر حساب جنت میں داخل ہونے والے 70 ہزار افراد کی تین صفات لکھئے۔

سوال نمبر 14: مومن کے لیے خوشی اور غم کی حالت میں کیا طرزِ عمل ہونا چاہیے؟

سوال نمبر 15: حدیثِ قدسی میں اللہ تعالیٰ نے عمل میں شرک کرنے والے کے بارے میں کیا فرمایا؟

سوال نمبر 16: قرآن سیکھنے اور سکھانے والے کی فضیلت کیا ہے؟

سوال نمبر 17: قرآن کو دشمن کی زمین پر لے جانے سے کیوں روکا گیا؟

سوال نمبر 18: نبی ﷺ نے قرآن سننا کیوں پسند فرمایا؟

سوال نمبر 19: قرآن سات حروف پر نازل ہونے کا کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر 20: جنگِ یمامہ کے بعد قرآن جمع کرنے کی ضرورت کیوں پیش آئی؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: رسول اللہ ﷺ نے پانی پینے کے آداب کے بارے میں کیا ہدایات دی ہیں؟ ان کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 2: نبی کریم ﷺ کے بیان کردہ کھانے کے آداب تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: نبی کریم ﷺ نے مال جمع کرنے کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا اور اس کی کیا حکمت ہے؟ احادیث کی روشنی میں لکھئے۔

سوال نمبر 4: احادیث کی روشنی میں دنیا سے بے رغبتی، آخرت کو ترجیح دینے، اور دل کی صفائی (مخموم القلب) کے بارے میں مکمل وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 5: دنیا اور آخرت کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کیا ہیں؟ احادیث مبارکہ کی روشنی میں تفصیلاً لکھئے۔

رول نمبر: _____

دستخط اُمیدوار: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 3 پرچہ: دوسرا مضمون: الحدیث

تاریخ: 22-01-2026 دن: جمعرات کل وقت: 30 منٹ کل نمبر: 25

امتحانی سنٹر: _____ دستخط نگران امتحانی سنٹر: _____ دستخط مقتش: _____

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: رسول اللہ ﷺ کھانا کس طرح کھاتے تھے؟

(الف) ایک ہاتھ سے پوری روٹی پکڑ کر (ب) تین انگلیوں سے (ج) چمچ سے (د) پیالے سے

سوال نمبر 2: حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ نے برتین میں کھانے کے دوران اپنی عادت کے بارے میں بیان کیا؟

(الف) بایاں ہاتھ استعمال کرتے (ب) برتین میں ہاتھ گھماتے (ج) صرف اپنے سامنے سے کھاتے (د) کھانے سے پہلے وضو کرتے

سوال نمبر 3: حضور ﷺ نے گرنے والے لقمہ کے بارے میں کیا حکم دیا؟

(الف) اٹھا کر صاف کر کے کھالو (ب) پھینک دو (ج) بلی کو دے دو (د) پانی میں ڈال دو

سوال نمبر 4: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق شیطان کب کھانے کو حلال سمجھ لیتا ہے؟

(الف) جب کھانے میں نمک نہ ہو (ب) جب کھانے سے پہلے اللہ کا نام نہ لیا جائے (ج) جب کھانا ٹھنڈا ہو (د) جب کھانے میں گوشت نہ ہو

سوال نمبر 5: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے مطابق برکت کہاں نازل ہوتی ہے؟

(الف) کھانے کی وسط میں (ب) کھانے کے کنارے پر (ج) پانی کے ساتھ (د) دعا کے بعد

سوال نمبر 6: نبی کریم ﷺ کو کھانوں میں کون سی دو چیزیں پسند تھیں؟

(الف) گوشت اور دودھ (ب) حلوہ اور شہد (ج) روٹی اور گوشت (د) دودھ اور کھجور

سوال نمبر 7: حدیث کے مطابق مؤمن کتنے معدے میں کھاتا ہے؟

(الف) دو معدے (ب) سات معدے (ج) ایک معدہ (د) پانچ معدے

سوال نمبر 8: نبی کریم ﷺ نے کس چیز کو "نعم الإدام" فرمایا؟

(الف) زیتون کا تیل (ب) دودھ (ج) سرکہ (د) گوشت

سوال نمبر 9: رسول اللہ ﷺ کا پسندیدہ کھانا کون سا تھا؟

(الف) دال (ب) ثرید (ج) کھجور (د) دودھ

سوال نمبر 10: کس چیز کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ "جس گھر میں یہ ہو وہ خالی نہیں"؟

(الف) گوشت (ب) دودھ (ج) خل (سرکہ) (د) شہد

سوال نمبر 11: مدینہ کی کس کھجور کو بطور علاج سات دانے کھانے کی ہدایت دی گئی؟

(الف) عجوہ (ب) صفاوی (ج) مبروم (د) برنی

سوال نمبر 12: کس کھانے کے بارے میں آپ ﷺ نے منع فرمایا: کہ اس کو نہ کھایا جائے جب تک پکایا نہ جائے؟

(الف) پیاز (ب) مولی (ج) لہسن (د) ادرک

سوال نمبر13: رسول اللہ ﷺ بخار یا بیماری میں اہلِ خانہ کے لیے کیا تیار کرواتے تھے؟

(الف) شہد (ب) حساء (ج) ثرید (د) سرکہ

سوال نمبر14: حضرت اسماء کے مطابق تھوڑا ٹھنڈا ہونے پر کھانا کھانے کی وجہ کیا بتائی گئی؟

(الف) آسانی سے کھایا جا سکے (ب) زیادہ لذیذ ہو جائے (ج) برکت زیادہ ہو (د) نقصان کم ہو

سوال نمبر15: رسول اللہ ﷺ، حضرت ابو بکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کو ایک انصاری صحابی کے گھر کس وجہ سے لے جایا گیا؟

(الف) بارش سے بچنے کے لیے (ب) بھوک کی وجہ سے (ج) آرام کے لیے (د) ملاقات کے لیے

سوال نمبر16: اگر کوئی شخص مہمان داری نہ کرے تو مہمان کو کیا حق دیا گیا ہے؟

(الف) بد دعا کرے (ب) صبر کرے (ج) اس کے برابر مہمان داری کا بدلہ لے (د) شکایت کرے

سوال نمبر17: رسول اللہ ﷺ نے کس حصے سے کھانے کا آغاز کرنے کا حکم دیا؟

(الف) درمیان سے (ب) کناروں سے (ج) اوپر سے (د) نیچے سے

سوال نمبر18: نبی کریم ﷺ پانی پینے میں کتنی بار سانس لیتے تھے؟

(الف) دو بار (ب) تین بار (ج) ایک بار (د) چار بار

سوال نمبر19: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے مطابق عہدِ نبوی ﷺ میں صحابہ کرام کھاتے اور پیتے وقت کس حالت میں ہوتے تھے؟

(الف) بیٹھ کر ہی (ب) کھڑے اور چلتے ہوئے (ج) صرف بیٹھ کر (د) لیٹ کر

سوال نمبر20: حدیث کے مطابق اصل غنی کون ہے؟

(الف) زیادہ مال والا (ب) زیادہ علم والا (ج) دل کا غنی (د) صحت مند

سوال نمبر21: نبی کریم ﷺ نے کس دھات کے برتن میں کھانے پینے کو دوزخ کی آگ قرار دیا؟

(الف) لوہا (ب) تانبا (ج) چاندی اور سونا (د) کانچ

سوال نمبر22: نبی کریم ﷺ نے اونٹ کی طرح ایک ہی سانس میں پانی پینے کے بجائے کیا طریقہ بتایا؟

(الف) چار سانس میں (ب) دو یا تین سانس میں (ج) ایک سانس میں (د) جتنا ممکن ہو اتنا

سوال نمبر23: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے مطابق نبی کریم ﷺ کو کون سا مشروب زیادہ پسند تھا؟

(الف) گرم دودھ (ب) ٹھنڈا میٹھا (ج) کھجور کا شربت (د) پانی

سوال نمبر24: نبی ﷺ کے فرمان کے مطابق قیامت کے دن سب سے پہلے کس نعمت کا سوال ہو گا؟

(الف) ایمان (ب) صحت اور ٹھنڈا پانی (ج) مال (د) علم

سوال نمبر25: کس کو "مفتاح خیر" کہا گیا ہے؟

(الف) جو علم پھیلائے (ب) جو زیادہ مال کمائے (ج) جو صدقہ دے (د) جو خیر کے دروازے کھولے اور شر کے بند کرے

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: واقعہ فیل کیا ہے؟

سوال نمبر 2: مصطفیٰ جان رحمت ﷺ کی ولادت کی خوشی منانے کے فوائد و ثمرات کیا کیا ہیں؟

سوال نمبر 3: پیر شریف کے دن ولادت میں کیا حکمت پوشیدہ ہے؟

سوال نمبر 4: حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے سفر مدینہ کے دو بنیادی مقاصد کیا تھے؟

سوال نمبر 5: حضرت عبد المطلب رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کو اپنی خاص نشست پر کیوں بٹھاتے تھے؟

سوال نمبر 6: حلف الفضول سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 7: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو نبی کریم ﷺ سے پہلی بار محبت کس واقعے کے بعد پیدا ہوئی؟

سوال نمبر 8: نزول وحی کی قسمیں اور صورتیں کیا کیا ہیں؟

سوال نمبر 9: اسلام کی پہلی تربیت گاہ کون سی تھی اور اس کے انتخاب کی وجوہات کیا تھیں؟

سوال نمبر 10: نسطورا راہب نے نبی کریم ﷺ میں کون سی علامت دیکھی؟

سوال نمبر 11: پہلی ہجرت کب، کہاں اور کیوں ہوئی؟

سوال نمبر 12: ایمان والوں کو اکثر مصیبتوں اور آزمائشوں کا سامنا کیوں رہتا ہے؟

سوال نمبر 13: مہاجرین کے خلاف کافروں نے کیا سازش رچائی؟

سوال نمبر 14: غزوہ اور سریہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 15: کفار قریش نے تبلیغ اسلام روکنے کے لئے کیا سازشیں کیں؟

سوال نمبر 16: غزوہ حمراء الاسد تین لائنوں میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 17: غزوہ موتہ کے اسباب تین لائنوں میں لکھئے۔

سوال نمبر 18: مال غنیمت اور مال فے میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 19: مسجد ضرار کا واقعہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 20: صلح حدیبیہ بیان مختصر کیجئے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: مصطفیٰ جان رحمت ﷺ کی سفر شام میں کیا کیا برکتیں ظاہر ہوئیں؟ تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا پر پیارے آقا ﷺ کی ولادت کی کیا کیا برکتیں ظاہر ہوئیں؟ تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: ہجرتِ حبشہ کے پس منظر میں، ابتدائی مسلم معاشرے کو درپیش مشکلات کو بیان کیجیے۔

سوال نمبر 4: صلح حدیبیہ اور اس کے نتائج و اسباق بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: غزوہ احزاب کے اسباب و واقعات کو تفصیلی طور پر بیان کیجئے۔

رول نمبر: _____

دستخط اُمیدوار: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 3 پرچہ: پانچواں مضمون: السیرۃ النبویۃ

تاریخ: 27-01-2026 دن: منگل کل وقت: 30 منٹ کل نمبر: 25

امتحانی سنٹر: _____ دستخط نگران امتحانی سنٹر: _____ دستخط مقتش: _____

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: جزیرہ نما عرب کو "جزیرہ" کیوں کہا جاتا ہے؟

(الف) یہاں کوئی پہاڑ نہیں تھا (ب) یہاں سبزہ زیادہ تھا (ج) یہ الگ ملک تھا (د) تین اطراف سے سمندر نے گھیر رکھا تھا

سوال نمبر 2: زمانہ جاہلیت کا اطلاق کس دور پر ہوتا ہے؟

(الف) اسلام کے بعد کا دور (ب) اسلام سے پہلے کا دور (ج) صرف جزیرہ عرب کا دور (د) صرف روم و ایران کا دور

سوال نمبر 3: طاقتور قبیلے کے غلام کے قتل پر زمانہ جاہلیت میں کیا کیا جاتا تھا؟

(الف) قاتل کو قتل کیا جاتا (ب) بدلے میں غلام قتل کیا جاتا (ج) بدلے میں آزاد شخص قتل کیا جاتا (د) معاف کر دیا جاتا

سوال نمبر 4: قدیم عرب کے لوگ خود کو کس نبی علیہ السلام کی طرف منسوب کرتے تھے؟

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (ج) حضرت ابراہیم علیہ السلام (د) حضرت نوح علیہ السلام

سوال نمبر 5: بعض عرب لوگ زمانہ جاہلیت میں بیٹیوں کے ساتھ کیا سلوک کرتے تھے؟

(الف) بیچ دیتے تھے (ب) زندہ دفن کر دیتے تھے (ج) غلام بنا دیتے تھے (د) مسجد میں چھوڑ دیتے تھے

سوال نمبر 6: زمانہ جاہلیت میں قصاص کا قانون کس بنیاد پر چلتا تھا؟

(الف) برابری و انصاف (ب) خود ساختہ تصورات (ج) قرآن و سنت (د) قاضی کا حکم

سوال نمبر 7: اللہ پاک نے دین اسلام کی پہلی تجربہ گاہ کہاں بنائی؟

(الف) مدینہ منورہ (ب) جزیرہ عرب (ج) یمن (د) شام

سوال نمبر 8: اہل عرب کی کون سی صفت ضرب المثل تھی؟

(الف) قوتِ حافظہ (ب) ہمت و شجاعت (ج) سخاوت (د) ایفائے عہد

سوال نمبر 9: اہل عرب اپنی عزت و ناموس کے معاملے میں کیسے تھے؟

(الف) بے پرواہ (ب) حساس (ج) نرم دل (د) مصلحت پسند

سوال نمبر 10: عربوں میں سب سے افضل قبیلہ کون سا ہے؟

(الف) بنو عبد شمس (ب) بنو ہاشم (ج) بنو امیہ (د) بنو زہرہ

سوال نمبر 11: کائنات میں سب سے افضل مخلوق کون ہے؟

(الف) فرشتے (ب) انسان (ج) جنات (د) انبیاء

سوال نمبر 12: بنو ہاشم کے حسن سلوک کا سب سے نمایاں وصف کیا تھا؟

(الف) سخاوت اور مہمان نوازی (ب) شاعری (ج) فن خطابت (د) زراعت

سوال نمبر 13: حضرت عبد المطلب رضی اللہ عنہ کا اصل نام کیا تھا؟

(الف) شیبۃ الحمد (ب) ابو الحارث (ج) عبد مناف (د) قصی

سوال نمبر14: حضرت عبد المطلب رضی اللہ عنہ کو مکہ میں کون لے کر آئے تھے؟

(الف) ان کے والد (ب) ان کے چچا مطلب (ج) ان کے بھائی (د) ان کے ماموں

سوال نمبر15: حضرت عبد المطلب رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے کی قربانی کی منت کب مانی تھی؟

(الف) دس بیٹے ہونے پر (ب) پہلی حجرت کے وقت (ج) نکاح کے وقت (د) حضرت عبد اللہ کی پیدائش پر

سوال نمبر16: حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کی کون سی خصوصیت جاہلیت کے دور میں نمایاں تھی؟

(الف) پردہ داری اور پاکیزگی (ب) تجارتی مہارت (ج) جنگی قیادت (د) سیاسی خطابت

سوال نمبر17: حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کا وصال کہاں ہوا؟

(الف) مکہ مکرمہ (ب) مدینہ منورہ (ج) ابواء شریف (د) طائف

سوال نمبر18: حضرت عبد المطلب رضی اللہ عنہ نے اپنے پوتے کا عقیقہ کب کیا؟

(الف) ولادت کے دن (ب) ساتویں دن (ج) چالیسویں دن (د) ایک سال بعد

سوال نمبر19: نبی کریم ﷺ کی ولادت کس سال ہوئی؟

(الف) 570ء (ب) 571ء (ج) 572ء (د) 573ء

سوال نمبر20: ولادت کے وقت سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا نے کیا مشاہدہ کیا؟

(الف) خانہ کعبہ روشن ہو گیا (ب) شام کے محلات نظر آئے (ج) جبرائیل علیہ السلام کو دیکھا (د) زمین سے نور نکلا

سوال نمبر21: لیلۃ القدر میں کون نازل ہوتے ہیں؟

(الف) انبیاء کرام (ب) فرشتے (ج) صحابہ کرام (د) اولیاء اللہ

سوال نمبر22: شق صدر کے وقت نبی کریم ﷺ کی عمر کتنی تھی؟

(الف) 2 سال (ب) 3 سال (ج) 4 یا 5 سال (د) 6 سال

سوال نمبر23: حضرت عبد المطلب رضی اللہ عنہ کے انتقال کے وقت نبی کریم ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

(الف) 6 سال (ب) 7 سال (ج) 8 سال (د) 9 سال

سوال نمبر24: نسطورا راہب نے نبی کریم ﷺ کے بارے میں کیا کہا؟

(الف) یہ قریش کے سردار ہیں (ب) یہ آخری نبی ہیں (ج) یہ تاجر ہیں (د) یہ راہب ہیں

سوال نمبر25: نبی کریم ﷺ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو بتایا کہ اس مرتبہ نفع کتنا ہوا؟

(الف) معمول کے برابر (ب) معمول سے کم (ج) دوگنا زیادہ (د) آدھا

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: چوری کیا اصطلاحی و شرعی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: بنی نضیر اور بنی قریظہ کے مقدمے میں فیصلہ کیا ہوا؟

سوال نمبر 3: یہودیوں کے کون سے اعمال بیان کر کے ان کو بدترین کہا گیا؟

سوال نمبر 4: بنی اسرائیل کے دو مرتبہ اندھے اور بہرے ہونے کی کیا وجہ بیان کی گئی ہے؟

سوال نمبر 5: قسم توڑنے کے کتنے کفارے بیان ہوئے ہیں اور وہ کیا ہیں؟

سوال نمبر 6: بحیرہ اور سائبہ کی جاہلی رسمیں کیا تھیں؟

سوال نمبر 7: جان بوجھ کر اللہ کا نام چھوڑ کر ذبح کیے گئے جانور کے بارے میں کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 8: مشرکین کے شرک اور حرام کاموں کے بارے میں قرآن نے کیا رد کیا؟

سوال نمبر 9: تکبر کی وجہ سے ابلیس کو کیا سزا ملی؟

سوال نمبر 10: دعا میں حد سے بڑھنے کی چند صورتیں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 11: جنت کو "میراث" کہنے کی دوسری وجہ کیا بیان کی گئی ہے؟

سوال نمبر 12: اہلِ مدین کے سرداروں نے لوگوں کو ایمان لانے اور ناپ تول درست کرنے سے کس معاشی خوف کے ذریعے روکا؟

سوال نمبر 13: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دیدارِ الٰہی کے مطالبے پر اللہ تعالیٰ نے کیا جواب دیا اور پہاڑ پر کیا واقعہ پیش آیا؟

سوال نمبر 14: فرعون نے بنی اسرائیل کی تعداد اور قوت کم کرنے کے لیے کیا منصوبہ بنایا اور اس کا مقصد کیا تھا؟

سوال نمبر 15: بنی اسرائیل کو بیت المقدس میں داخل ہوتے وقت کیا کہنے اور کس حالت میں داخل ہونے کا حکم دیا گیا تھا؟

سوال نمبر 16: پہاڑ کو بنی اسرائیل کے اوپر سائبان کی طرح بلند کرنے کا مقصد کیا تھا اور اس موقع پر ان کو کیا ہدایت دی گئی؟

سوال نمبر 17: جب اللہ تعالیٰ کو یاد کیا جاتا ہے تو کامل ایمان والوں کے دل پر کیا اثر ہوتا ہے؟

سوال نمبر 18: غزوہ بدر کے دن مسلمانوں پر آنے والی غنودگی کا مقصد کیا تھا؟

سوال نمبر 19: کفار قریش سیٹیاں اور تالیاں بجا کر کیا مقصد حاصل کرنا چاہتے تھے؟

سوال نمبر 20: ابو البختری کی پیش کردہ تجویز کو شیطان نے کیوں رد کیا؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: بنی اسرائیل کی عہد شکنی اور اس کے نتیجے میں ان پر عائد کی گئی پابندیوں کا تفصیلی جائزہ پیش کیجئے۔

سوال نمبر 2: یہودیوں کے تین بڑے جرائم اور ان کے رد میں قرآن کا بیان تفصیل سے لکھیں۔

سوال نمبر 3: سورۃ اعراف کا تعارف اور خلاصہ مضامین بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: سورۃ المائدہ میں توحید و شرک کے متعلق اللہ تعالیٰ کی تعلیمات کو بیان کیجئے اور ان کا تجزیہ پیش کیجئے۔

سوال نمبر 5: مسلمانوں کے لیے تقویٰ کے فوائد کو بیان کیجئے۔

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: بدلہ لینے سے بہتر کیا ہے؟

(الف) فوری انتقام (ب) صبر اور معافی (ج) سخت سزا دینا (د) دشمنی بڑھانا

سوال نمبر 2: ایک نبی کا انکار کس کے برابر ہے؟

(الف) صرف اسی نبی کا انکار (ب) تمام انبیا کا انکار (ج) جزوی ایمان (د) عمل نہ کرنا

سوال نمبر 3: یہودیوں سے تورات پر عمل کا عہد کس موقع پر لیا گیا؟

(الف) کوہ طور اٹھا کر (ب) بیت المقدس میں (ج) مدینہ میں (د) مکہ میں

سوال نمبر 4: حضرت عبد اللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کس امت سے تعلق رکھتے تھے؟

(الف) یہودی (ب) عیسائی (ج) مشرکین (د) مجوسی

سوال نمبر 5: "روشن نور" سے کیا مراد ہے؟

(الف) حضرت جبرائیل علیہ السلام (ب) قرآن پاک (ج) ایمان (د) نبوت

سوال نمبر 6: حرمت والے مہینوں کے ادب کا حکم کس دین میں تھا؟

(الف) صرف اسلام میں (ب) صرف یہودیت میں (ج) جاہلیت میں بھی (د) عیسائیت میں

سوال نمبر 7: شکاری جانور کے شکار کے حلال ہونے کی ایک شرط کیا ہے؟

(الف) شکار خود مر جائے (ب) شکاری جانور سکھایا ہوا ہو (ج) شکار بڑا ہو (د) شکار بھاگ نہ سکے

سوال نمبر 8: اچھے اعمال میں کون سی چیزیں شامل ہیں؟

(الف) صرف فرائض (ب) صرف مالی عبادتیں (ج) حقوق اللہ اور حقوق العباد سب (د) صرف سنتیں

سوال نمبر 9: قوم جبارین کا حال معلوم کرنے کے لیے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کتنے سردار بھیجے تھے؟

(الف) دو (ب) تین (ج) بارہ (د) سات

سوال نمبر 10: زمانہ فترت کس نبی کے بعد آیا؟

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت داؤد علیہ السلام (ج) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (د) حضرت یحییٰ علیہ السلام

سوال نمبر 11: ڈاکہ زنی اور زمین میں فساد برپا کرنے والے کی ایک سزا کون سی ہے؟

(الف) بھوک کاٹ دینا (ب) جلاوطنی (ج) قیدِ بامشقت (د) جرمانہ

سوال نمبر 12: گرفتاری سے پہلے توبہ کرنے والوں کے لیے کون سا حق باقی رہتا ہے؟

(الف) اللہ کا حق (ب) بندوں کا حق (ج) قاضی کا حق (د) امام کا حق

سوال نمبر 13: چوری کی حد جاری کرنے کے لئے کم از کم چوری کے مال کی مالیت کتنی بتائی گئی؟

(الف) پانچ درہم (ب) آٹھ درہم (ج) دس درہم (د) پندرہ درہم

سوال نمبر14: قرآن کو گزشتہ کتابوں کے بارے میں کس صفت سے بیان کیا گیا؟

(الف) محافظ و گواہ (ب) نیا قانون (ج) بدلنے والا (د) ناسخ و منسوخ

سوال نمبر15: بنی قریظہ اور بنی نضیر کے مقدمے میں نبی کریم ﷺ نے کس بات کا فیصلہ فرمایا؟

(الف) خون بہا میں برابری (ب) زیادہ خون بہا (ج) معافی (د) قید

سوال نمبر16: کس قوم کے ساتھ دوستی سے منع کیا گیا؟

(الف) یہودی اور عیسائی (ب) مشرکینِ مکہ (ج) منافقین (د) مجوسی

سوال نمبر17: یہودیوں کو کس فعل کی وجہ سے بدترین قرار دیا گیا؟

(الف) بچھڑے کی پوجا (ب) روزہ چھوڑنا (ج) سود کھانا (د) نماز ترک کرنا

سوال نمبر18: اگر اہل کتاب تورات و انجیل پر صحیح عمل کرتے تو انہیں کیا انعام ملتا؟

(الف) جنت میں داخلہ (ب) ہر طرف سے رزق (ج) طویل عمر (د) دشمن پر غلبہ

سوال نمبر19: حبشہ کے بادشاہ نجاشی نے حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کی تلاوت سن کر کیا ردعمل ظاہر کیا؟

(الف) مسلمانوں کو ملک سے نکال دیا (ب) قرآن کو جھٹلایا

(ج) رونے لگے اور مسلمانوں کو امن دیا (د) قریش کی بات مان لی

سوال نمبر20: کس عقیدے کو کفر قرار دیا گیا؟

(الف) عیسیٰ علیہ السلام کو نبی ماننا (ب) عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کہنا (ج) تورات پر عمل کرنا (د) جبرائیل علیہ السلام کو فرشتہ ماننا

سوال نمبر21: دین میں زیادتی کرنے والوں کی مثال کس پر دی گئی؟

(الف) بت پرست (ب) یہودی و عیسائی (ج) مجوسی (د) منافقین

سوال نمبر22: ہفتہ کے دن شکار کرنے والوں کا کیا انجام ہوا؟

(الف) آگ میں جل گئے (ب) بندر بن گئے (ج) سمندر میں غرق ہوئے (د) زمین پھٹ گئی

سوال نمبر23: حالتِ احرام میں کون سا شکار حلال ہے؟

(الف) خشکی کا شکار (ب) سمندر اور دریا کا شکار (ج) پرندوں کا شکار (د) جنگلی جانور کا شکار

سوال نمبر24: جھوٹے گواہوں کو کس بات کا خوف دلایا گیا؟

(الف) قید کا (ب) جائیداد ضبط ہونے کا (ج) ذلت و رسوائی کا (د) جرمانے کا

سوال نمبر25: دسترخوان اترنے کے لیے حواریوں کو کیا حکم دیا گیا؟

(الف) صدقہ دینے کا (ب) نماز ادا کرنے کا (ج) 30 روزے رکھنے کا (د) قربانی دینے کا